# حوالہ گائیڈ برائے بچوں کے لیے رسائی کا واحد مقام

بچوں کے لیے رسائی کا واحد مقام (Children's Single Point of Access, CSPOA) ایسے بچوں اور نوجوانوں کے لیے ریفرل کا نظام ہے جنہیں سنگین جذباتی خلل کا سامنا ہے اور جنہیں دماغی صحت کی خدمات کی ضرورت ہے۔ CSPOA بچوں اور نوجوانوں کو ایسے وسائل فراہم کرتا ہے جو انہیں جب بھی ممکن ہو گھر یا اپنی کمیونٹی میں رہنے کے قابل بناتا ہے۔ CSPOA ایسے لوگوں جن کی عمر 22 سال سے کم ہو مختلف قسم کی کمیونٹی کی خدمات کے بارے میں رہنمائی کر سکتا ہے۔ ریفرل موصول کرنے کے بعد، CSPOA کا کوئی ماہر تشخیص کرے گا جس میں وہ بچے یا نوجوان کے لیے موزوں پروگرام کا تعین کرنے کے لیے خاندان اور ریفرل سورس سے انٹرویو کرے گا۔

CSPOA درج ذیل پروگراموں کے لیے ریفرلز موصول کرتا ہے:

**Health Home Care Management (عمر 22 سال سے کم)**

Health Home Care Management (صحت کا گھر میں نگہداشت کا نظم) ان بچوں اور نوجوانوں کے لیے دستیاب ہے جن کی عمر 22 سال سے کم ہے، Medicaid میں مندرج ہیں اور انہیں درج ذیل میں سے کسی وجہ سے زیادہ شدید درجے کی نگہداشت کی ضرورت ہے:

- دو یا زیادہ دائمی بیماریاں، جیسے منشیات کا استعمال، دمہ اور ذیابیطس
- سنگین جذباتی خلل کی اکلوتی اہل بیماری، پیچیدہ صدمہ یا HIV

پروگرام:

- بچوں اور نوجوانوں کی جسمانی اور رویہ جاتی نگہداشت صحت کی ضروریات کو مربوط کرتا ہے
- بچوں اور نوجوانوں کی ضروریات، اہداف اور خدمات کو دستاویز بند کرنے کے لیے نگہداشت کا جامع منصوبہ تیار کرتا ہے
- بچوں اور نوجوانوں کو فائدہ مند خدمات کی طرف ریفر کرتا ہے
- بچوں اور نوجوانوں کی اپائنٹمنٹس کو شیڈول اور منظم کرنے میں مدد کرتا ہے
- یہ سمجھنے میں خاندانوں کی معاونت کرتا ہے کہ نگہداشت صحت اور سماجی ضروریات کا کیسے خیال رکھنا ہے
- Children's Waiver Home and Community Based Services (بچوں کی چھوٹ سے متعلق گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات) کے پروگرام کے لیے اہلیت کا تعین کرتا ہے

Health Home Care Management کے لیے ریفرلز Health Home Serving Children or care management agency (صحت کی گھر پر بچوں کو خدمات کی فراہمی یا نگہداشت کے نظم کی ایجنسی) کو بھی بھیجے جا سکتے ہیں۔

**Health Home Care Management کو ریفرل بھیجنے کے لیے، آپ کو درج ذیل جمع کرانا ہوں گے:**

- CSPOA درخواست حصہ 1
- CSPOA رضامندی فارم
- اضافی معاونتی دستاویزات (اختیاری)

## Non-Medicaid Care Coordination (عمر 22 سال سے کم)

Non-Medicaid Care Coordination (نگہداشت کی Medicaid کے علاوہ کوآرڈینیشن) ان بچوں اور نوجوانوں کے لیے دستیاب ہے جن کی عمر 22 سال سے کم ہو، Medicaid میں مندرج نہ ہوں اور ان میں شدید رویہ جاتی خلل کی تشخیص ہوئی ہو:

پروگرام:
- یقینی بناتا ہے کہ بچے اور نوجوان اپنی ضرورت کی صحت اور سماجی خدمات موصول کر رہے ہیں
- بچوں اور نوجوانوں کی جسمانی اور رویہ جاتی نگہداشت صحت کو مربوط کرتا ہے
- نگہداشت کے انفرادی منصوبے تیار اور منظم کرتا ہے
- خاندانوں کو کمیونٹی وسائل کی طرف رہنمائی دیتا ہے
- بچوں اور نوجوانوں کی اپائنٹمنٹس کو شیڈول اور منظم کرنے میں مدد کرتا ہے

**Non-Medicaid Care Coordination کو ریفرل بھیجنے کے لیے، آپ کو درج ذیل جمع کرانا ہوں گے:**
- CSPOA درخواست حصہ 1
- CSPOA رضامندی فارم
- اضافی معاونتی دستاویزات (اختیاری)

## High Fidelity Wraparound (عمر 12 سے 20 سال)

High Fidelity Wraparound (HFW) 12 سے 20 سال کے ان بچوں اور نوجوانوں کے لیے دستیاب ہے جو Brooklyn،Bronx یا Queens میں رہتے ہیں اور ان میں سنگین جذباتی خلل کی تشخیص ہوئی ہے۔ یہ پروگرام بچوں اور نوجوانوں کے لیے دستیاب ہے اس بات سے قطع نظر کہ آیا وہ Medicaid میں مندرج ہیں یا نہیں۔ HFW میں مندرج خاندان نگہداشت مینیجر، خاندان کے پیئر ایڈوکیٹ اور نوجوانوں کے پیئر ایڈوکیٹ پر مشتمل ٹیم سے ملتے ہیں۔

پروگرام:
- بچوں، نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ خاندان پر مبنی ایسا پلان تیار کرتا ہے جو خود کی وکالت کی ترویج کرتا ہے
- بچوں، نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کی مدد کرتا ہے تاکہ وہ اپنی رویہ جاتی صحت کی ضروریات کو فوقیت دیں اور پورا کریں
- بچوں، نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کی اپنی خدمات کا نظم کرنے کی اہلیت کو بہتر بناتا ہے
- بچوں، نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کے قدرتی سماجی معاونتی سسٹم کو تیار کرتا اور مضبوط بناتا ہے

**HFW کو ریفرل بھیجنے کے لیے، آپ کو درج ذیل جمع کرانا ہوں گے:**
- CSPOA درخواست حصہ 1
- CSPOA رضامندی فارم
- بچے اور نوجوان کی سنگین جذباتی خلل کی تشخیص کی تصدیق کرنے والی دستاویز (جیسے سائیکائٹرک، نفسیاتی یا نفسیاتی جائزوں کے فارمز یا سنگین جذباتی خلل کی تصدیق کا فارم)
- اضافی معاونتی دستاویزات (اختیاری)

## Youth Assertive Community Treatment (عمر 10 سے 20 سال)

Youth Assertive Community Treatment (نوجوانوں پر زور دینے والا کمیونٹی علاج، Youth ACT) یہ 10 سے 20 سال کی عمر والے ایسے بچوں اور نوجوانوں کے لیے دستیاب ہے جو سنگین جذباتی خلل کا شکار ہیں اور انہیں اضافی اور مستقل اعلی خدمات کی ضرورت ہے۔ یہ پروگرام بچوں اور نوجوانوں کے لیے دستیاب ہے اس بات

سے قطع نظر کہ آیا وہ Medicaid میں مندرج ہیں یا نہیں۔ یوتھ ایکٹ پروفیشنل لوگوں کی ایک جامع ٹیم فراہم کرتا ہے تاکہ وہ بچوں اور نوجوانوں کو اپنے گھروں، اسکولوں اور کمیونٹیز میں قیام کرنے کے لیے جامع، انتہائی مربوط اور انفرادی خدمات اور ماہر معالجاتی معاونتیں فراہم کریں۔

پروگرام:

- اس میں ایسی ٹیم شامل ہے جو ایک کلینیکل معاونتی ماہر، سائیکائٹرک نرس پریکٹیشنر، پروگرام کا معاون، کلینیکل اسپورٹ ماہر، ٹیم کا قائد، لائسنس یافتہ دماغی صحت کے پروفیشنلز نیز پیئر اور خاندانی ایڈوکیٹس پر مشتمل ہے
- درج ذیل خدمات فراہم کرتا ہے:
  - کیس مینیجمنٹ
  - تشخیص
  - تھراپی
  - نفسیاتی تعلیم
  - بحران میں معاونت
  - ادویات دینا
  - پیئر اسپورٹ خدمات
  - ووکیشنل اور تعلیمی خدمات

**یوتھ ایکٹ کو ریفرل بھیجنے کے لیے، آپ کو درج ذیل جمع کرانا ہوں گے:**

- CSPOA درخواست حصہ 1 اور 2
- CSPOA رضامندی فارم
- بچے اور نوجوان کی سنگین جذباتی خلل کی تشخیص کی تصدیق کرنے والی دستاویز (جیسے سائیکائٹرک، نفسیاتی یا نفسیاتی جائزوں کے فارمز یا سنگین جذباتی خلل کی تصدیق کا فارم)
- اضافی معاونتی دستاویزات (اختیاری)

**<u>Community Residence (عمر 8 سے 17 سال)</u>**

Community Residences (کمیونٹی کی رہائشیں، CRs) نیو یارک اسٹیٹ دفتر برائے دماغی صحت سے لائسنس یافتہ علاج معالجے کے چھوٹے گروپ گھر ہیں جو 8 سے 17 سال عمر کے بچوں اور نوجوانوں کی خدمت کرتے ہیں۔ CRs آٹھ تک بچوں اور نوجوانوں کی خدمت کرتے ہیں جو خاص طور پر تربیت یافتہ عملے کے ساتھ رہتے اور ان کی زیرِ نگرانی ہوتے ہیں۔ بچوں اور نوجوانوں کو ممکنہ حد تک اپنے گھر کے قریب ایک CR تفویض دیا جاتا ہے۔ کلینیکل سروسز CR سے باہر مقامی دماغی صحت کے پروگرامز فراہم کرتے ہیں۔ نیو یارک سٹی میں 10 CRs ہیں۔

پروگرام:

- روزمرہ کی منظم سرگرمیاں فراہم کرتا ہے
- مسائل کو حل کرنے کی مہارتوں میں تربیت فراہم کرتا ہے
- خاندان کے کام کرتا ہے

**CR کو ریفرل بھیجنے کے لیے، آپ کو درج ذیل جمع کرانا ہوں گے:**

- CSPOA درخواست حصہ 1 اور 2
- CSPOA رضامندی فارم
- سائیکائٹرک تشخیص (جو پچھلے سال کی گئی، اور 90 دنوں کے بعد اپ ڈیٹ کیا گیا)
- نفسیاتی معائنہ (جو پچھلے سال کیا گیا)
- جسمانی معائنہ (جو پچھلے سال کیا گیا)

- انفرادی تعلیمی پروگرام (Individualized Education Program, IEP) کا منصوبہ (اگر بنا ہوا ہو)
- نفسیاتی تشخیص (اگر بچے یا نوجوان کے پاس IEP منصوبہ ہے)

**Refocus Community Residence (عمر 14 سے 20 سال)**

Queens میں واقع Refocus Community Residence (دوبارہ فوکس کمیونٹی کی رہائش) نیو یارک اسٹیٹ دفتر برائے دماغی صحت سے لائسنس یافتہ علاج معالجے کا چھوٹا گروپ گھر ہے جو 14 سے 20 سال کی عمر کے بچوں اور نوجوانوں کی خدمت کرتا ہے۔

پروگرام:

- عمر رسیدہ افراد کو کامیابی کے ساتھ خود مختاری سے رہنے کے لیے تیار کرنے پر توجہ دیتا ہے
- زندگی کی مہارتوں کے لیے کلاسیں فراہم کرتا ہے
- پیئرز کی حمایت کے گروپس فراہم کرتا ہے
- خاندان کے افراد کے ساتھ دوبارہ منسلک ہونے میں مدد کرتا ہے
- پیئرز اور بالغوں کا غیر رسمی معاونتی نیٹ ورک بنانے میں مدد کرتا ہے

**Refocus Community Residence کو ریفرل بھیجنے کے لیے، آپ کو درج ذیل جمع کرانا ہوں گے:**

- CSPOA درخواست حصہ 1 اور 2
- CSPOA رضامندی فارم
- سائیکائٹرک تشخیص (جو پچھلے سال کی گئی، اور 90 دنوں کے بعد اپ ڈیٹ کیا گیا)
- نفسیاتی معائنہ (جو پچھلے سال کیا گیا)
- جسمانی معائنہ (جو پچھلے سال کیا گیا)
- انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کا منصوبہ (اگر بنا ہوا ہو)
- نفسیاتی تشخیص (اگر بچے یا نوجوان کے پاس IEP منصوبہ ہے)

**رہائشی علاج کا مرکز (عمر 5 سے 20 سال)**

رہائشی علاج کا مرکز (Residential Treatment Facility, RTF) ایک رہائشی سائیکائٹرک مرکز ہے جو 5 سے 20 سال کے ان بچوں کو دماغی صحت کے علاج کی جامع سروسز فراہم کرتا ہے جنہیں رہائشی مرکز میں طویل مدتی علاج (180 دنوں سے زیادہ) کی ضرورت ہو۔ RTFs علاج کے خود مختار مراکز ہیں۔

پروگرام میں درج ذیل شامل ہیں:

- اسکول
- تفریحی مواقع
- ووکیشنل تربیت
- طبی اور دماغی صحت کی سروسز

RTFs کو صرف تب زیرِ غور لایا جاتا ہے جب کمیونٹی پر مبنی متبادل صورتوں کو استعمال کر لیا گیا ہو۔ CSPOA، RTFs کے لیے ریفرلز موصول کرتا ہے اور ریفرلز کی تکمیل کا تعین کرتا ہے۔ جب کسی ریفرل کی مکمل کے طور پر تصدیق کر لی جاتی ہے تو CSPOA ریفرل کو نیو یارک اسٹیٹ دفتر برائے دماغی صحت کو بھیجتا ہے، جو تعین کرتا ہے کہ کیا بچہ یا نوجوان خدمت کا اہل ہے یا نہیں۔

**RTF کو ریفرل بھیجنے کے لیے، آپ کو درج ذیل جمع کرانا ہوں گے:**

- CSPOA درخواست حصہ 1 اور 2

- CSPOA رضامندی فارم
- نیو یارک اسٹیٹ دفتر برائے دماغی صحت RTF اجازت کے جائزے کے عمل کا رضامندی فارم (سرپرست کی جانب سے دستخط کردہ)
- نیو یارک اسٹیٹ درخواست برائے Medicaid بچے کی معذوری کا تعین (سرپرست کی جانب سے دستخط کردہ)
- سائیکائٹرک تشخیص (جو پچھلے سال کی گئی، اور 90 دنوں کے بعد اپ ڈیٹ کیا گیا)
- نفسیاتی معائنہ (جو پچھلے سال کیا گیا)
- جسمانی معائنہ (جو پچھلے سال کیا گیا)
- انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کا منصوبہ (اگر بنا ہوا ہو)
- نفسیاتی تشخیص (جو پچھلے تین سالوں میں کی گئی ہو)

CSPOA کو ریفرل بھیجنے کے لیے، پروگرام اور سروس کی قسم کے لیے ضروری دستاویزات جمع کرائیں:

- ای میل: cspoa@health.nyc.gov
- فیکس: 347-396-8849

CSPOA یا ریفرل کے عمل کی مزید معلومات کے لیے، 347-396-7205 کو کال کریں یا nyc.gov/health ملاحظہ کریں اور CSPOA تلاش کریں۔

3.25 Urdu